”وہ لوگ سب سے برے لوگوں میں سے ہیں، جو قیامت کے وقوع کے وقت باحیات رہیں گے اور جو قبروں کو مسجد بنا لیں گے“

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا : ”وہ لوگ سب سے برے لوگوں میں سے ہیں، جو قیامت کے وقوع کے وقت باحیات رہیں گے اور جو قبروں کو مسجد بنا لیں گے“
[حسن] [رواه أحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ سب سے برے لوگ کون ہیں؟ آپ نے بتایا کہ سب سے برے لوگ وہ لوگ ہیں، جو اس وقت باحیات رہیں گے، جب قیامت قائم ہوگی اسی طرح سب سے برے لوگوں میں وہ لوگ بھی شامل ہیں، جو قبروں کو مسجد بنا لیں گے یعنی قبروں کے پاس یا قبروں کی جانب منہ کرکے نماز پڑھیں گے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3375

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY